LUCKY CEMENT

NOTICE OF EXTRA-ORDINARY GENERAL MEETING
MAY 24, 2023

LUCKY CEMENT LIMITED
6-A, Muhammad Ali Housing Society,
A. Aziz Hashim Tabba Street,
Karachi-75350

LUCKY CEMENT LIMITED

NOTICE OF EXTRA-ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra-ordinary General Meeting of **Lucky Cement Limited** (the **"Company"**) will be held on **Wednesday, May 24, 2023 at 12 noon**, at the registered office of the Company, situated at factory premises in Pezu, District Lakki Marwat, Khyber Pakhtunkhwa to transact the following businesses:

SPECIAL BUSINESS

1. To consider and, if deemed fit, pass, with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), the following resolutions, as special resolutions, pursuant to Section 88 of the Companies Act, 2017 read with Listed Companies (Buy-Back of Shares) Regulations, 2019, for the purchase / buy-back by the Company of up to 23,800,000 (Twenty Three Million Eight Hundred Thousand) issued ordinary shares of the Company, having face value of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited) at the spot / current price from time to time, acceptable to the Company, prevailing during the purchase period, as recommended by the Board of Directors of the Company:

"RESOLVED THAT approval be and is hereby accorded to Lucky Cement Limited (the **"Company"**), under Section 88 of the Companies Act, 2017 read with Listed Companies (Buy-Back of Shares) Regulations, 2019 (the **"Regulations"**), to purchase / buy-back up to 23,800,000 (Twenty Three Million Eight Hundred Thousand) issued ordinary shares of the Company, having face value of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, constituting up to approximately 7.59% of the current issued and paid up share capital of the Company, at the spot / current price acceptable to the Company prevailing during the purchase period, through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited), in accordance with the salient features as mentioned in the Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 annexed to this Notice (the **"Buy-Back"**).

FURTHER RESOLVED THAT the ordinary shares purchased by the Company pursuant to these special resolutions be cancelled in accordance with the Regulations.

FURTHER RESOLVED THAT the Buy-Back shall be made through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited), and the purchase period shall be from June 2, 2023 to November 20, 2023, or till such date that the Buy-Back is completed, whichever is earlier.

FURTHER RESOLVED THAT the Chief Executive Officer of the Company, or any person authorized by him, be and is hereby authorized and empowered to determine and approve the quantum of shares that may be purchased by the Company (as may be deemed fit) on a day-to-day basis during the purchase period.

FURTHER RESOLVED THAT the Company Secretary (the **"Authorized Person"**) be and is hereby, authorized to prepare, finalize, execute, issue and file all necessary documents, notices, applications and any ancillary documents, take and do, and / or cause to be taken or done, any / all necessary actions, deeds and things for and on behalf of, and in the name of the Company, as may be necessary or required as deemed fit for giving effect to the aforementioned resolutions or for the Buy-Back, as well as do all acts, matters, deeds, and things which are necessary, incidental and / or consequential to the principal or any ancillary matters thereto to fully achieve the aforesaid resolutions.

FURTHER RESOLVED THAT the Authorized Person be and is hereby further authorized and empowered to take or cause to be taken all actions including, but not limited to, obtaining any requisite regulatory or third party approvals, wherever required, preparing all documents, engaging legal counsel, financial advisors and consultants for the purposes of the Buy-Back, opening accounts / sub-accounts with the CDC / securities broker, filing of all the requisite statutory forms, returns and all other documents as may be required to be filled with the regulator(s) or any other institutions(s), executing all such documents or instrument, including any amendments or substitutions to any of the foregoing as may be required or necessary in respect of implementing, procuring and completing the Buy-Back and all other matters incidental or ancillary thereto.

FURTHER RESOLVED THAT the aforesaid resolutions shall be subject to any amendments, modifications, additions or deletions that may be suggested, directed and advised by the regulator(s), which shall, if determined to be prudent or necessary by the Authorized Person, be deemed to be part of these resolutions, without the need of the members to pass fresh special resolutions."

2. To consider and, if deemed fit, pass, with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), the following resolution, as an ordinary resolution, to enable and authorize the Company to circulate the Annual Report (including the audited financial statements, auditor's report, Directors' report, Chairman's review report) to the members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with Section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023.

   "RESOLVED THAT Lucky Cement Limited (the **"Company"**) be and is hereby authorized to circulate its annual report, including the annual audited financial statements, auditor's report, Directors' report, Chairman's review report and other reports contained therein, to the members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with S.R.O. 389(I)/2023 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan, and that the practice of circulation of the annual report through CD / USB be discontinued."

3. To transact any other business that may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

The Statement of material facts under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Businesses to be transacted at the Extra-ordinary General Meeting is attached to this notice.

By Order of the Board

Karachi: May 03, 2023

Faisal Mahmood
Company Secretary

Notes:

1. Closure of Shares Transfer Books

The share transfer books of the Company shall remain closed from Wednesday, May 17, 2023 to Wednesday, May 24, 2023 (both days inclusive). Transfers received in order at our Share Registrar / Transfer Agent CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400 by the close of business on Tuesday, May 16, 2023 shall be treated in time for the purpose of attending and voting at the Extra-ordinary General Meeting (EOGM).

2. Participation in the EOGM via physical presence or through video conferencing:

Members whose names appear in the Register of Members as of Tuesday, May 16, 2023, are entitled to attend and vote at the EOGM. A Member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her. An instrument of proxy applicable for the EOGM is being provided with the Notice sent to the Members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: http://www.lucky-cement.com. An instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarized must, to be valid, be deposited through email on company.secretary@lucky-cement.com or at the registered address of the Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL) not less than forty-eight (48) hours before the time of EOGM, excluding public holidays. Members are requested to submit a copy of their Computerized National Identity Card (CNIC) at the registered address to our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H. Society, Karachi.

a. To attend the EOGM through video-conferencing facility, the Members are requested to register themselves by providing through email at company.secretary@lucky-cement.com at least forty-eight (48) hours before the EOGM, the Name of Member, CNIC / Folio No. / CDC, IAS A/C Number, Cell Number and Email Address.

b. Members will be registered, after necessary verification as per the above requirement and will be provided a video-link by the Company via email.

c. Only those Members will be accepted at the EOGM via video-conferencing whose names match the details shared with the Company for registration (as mentioned in point 'a' above).

3. E-voting and Postal Ballot

Members can exercise their right to vote through e-voting or postal ballot, subject to meeting the requirements of Sections 143-145 of the Companies Act, 2017 and applicable clauses of the Companies (E-Voting) Regulations, 2016 or Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (as the case may be).

STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This Statement sets out the material facts pertaining to the Special Businesses to be transacted at the Extra-ordinary General Meeting of Lucky Cement Limited (the "Company") to be held on Wednesday, May 24, 2023.

Agenda Item no. 1.

The Board of Directors of the Company, in its meeting held on April 28, 2023, had approved, and decided to recommend to the members of the Company for their approval, by passing of special resolutions, the purchase / buy-back by the Company of up to 23,800,000 (Twenty Three Million Eight Hundred Thousand) issued ordinary shares of the Company, having face value of PKR 10/- (Pak Rupees Ten) each, constituting up to approximately 7.59% of the current issued and paid up share capital of the Company, in accordance with Section 88 of the Companies Act, 2017 (the "Act") read with the Listed Companies (Buy-Back of Shares) Regulations, 2019 (the "Regulations"), at the spot / current share price from time to time, acceptable to the Company, prevailing during the purchase period, through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited) (the "Buy-Back").

In accordance with the Act and the Regulations, the Buy-Back is subject to the approval of the members of the Company by way of passing of special resolutions.

The following are the relevant details / salient features, as recommended by the Board of Directors of the Company, for the approval of the members in connection with the Buy-Back:

Description	Details / Features
Indicative (maximum) number and percentage of shares to be purchased (Buy-Back)	Up to 23,800,000 (Twenty Three Million Eight Hundred Thousand) issued ordinary shares of the Company, constituting up to approximately 7.59% of the current issued and paid up share capital of the Company.
Purpose of the Buy-Back	Cancellation of shares.
Mode of the purchase	Through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited).
Purchase price (per share)	The shares shall be purchased from time to time at the spot / current share price acceptable to the Company prevailing during the purchase period in accordance with Regulation 8(2) of the Regulations, and subject to Section 88(8) of the Companies Act, 2017.
Purchase Period	From June 2, 2023 to November 20, 2023 (both days inclusive), or till such date that the Buy-Back is completed, whichever is earlier.
Allocated Funds	Since the Buy-Back is to be carried out at the spot / prevailing share price, the Company will ensure availability of funds with respect to the shares to be purchased. The actual purchase of shares by the Company shall be subject to varying factors during the purchase period, including market conditions.
Source of Funds	The Buy-Back will be made from the distributable profits of the Company in accordance with Section 88(8) of the Act.
Justification of the purchase / Buy-Back and effect on the financial position of the Company	The proposed Buy-Back will have a positive effect on the future financial position of the Company, including the break-up value of the Company's shares and its Earnings per Share (EPS). The current Buy-Back will also provide an opportunity of exit to those members who wish to liquidate their investment, fully or partially, including those who were unable to do the same during the previous buy-back.

Accordingly, the Board of Directors of the Company has recommended that the special resolutions, as set out in the notice, be passed at the Extra-ordinary General Meeting, with or without any modification(s), addition(s) or deletion(s).

Further, in accordance with Regulation 3(1)(d) of the Regulations, the Board of Directors has undertaken that the funds specified / required for the Buy-Back (i.e. to the extent of the shares of the Company that will actually

be purchased during the purchase period) are / shall be available with the Company, and that after the purchase, the Company shall be capable of meeting its obligation on time during the period up to the end of the immediately succeeding 12 (twelve) months. In accordance with Regulation 3(1)(e), it is confirmed that the Company is not on the defaulter counter of the PSX and that it has not defaulted on any debt instrument.

The Directors have no personal interest in the proposed special business for the Buy-Back, except to the extent of their respective shareholdings in the Company.

Procedure for Buy-Back:

As required under Section 88 of the Act, read with the Regulations, the following broad procedure shall be followed for Buy-Back:

1. The Company shall make a Public Announcement for the purchase / By-Back through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited) within 2 (two) working days of the passing of the special resolutions by the members. The Public Announcement shall be published in 2 (two) daily newspapers.

2. It is clarified that, except for those persons mentioned in Regulation 12(2) of the Regulations, all those person who validly hold shares of the Company during the purchase period shall be eligible to participate in the Buy-Back even if their names do not appear on the Register of Members of the Company as on the book closure date.

3. Members of the Company who are eligible and willing to sell the shares, or part thereof, held by them in the Company, may sell the same to the securities broker through the securities exchange (i.e. the Pakistan Stock Exchange Limited) in the ordinary course by placing a sale order through their securities broker, which may then be purchased by the Company (if deemed fit by the Company).

4. The purchase / Buy-Back shall be made through the automated trading system of the securities exchange. All purchases shall be made at the spot / current share purchase at the time of purchase. No purchase shall be made through negotiated market deals.

5. The Company shall be entitled to purchase the shares through the securities exchange during the purchase period i.e. from June 2, 2023 to November 20, 2023 (both days inclusive), or till such date that the Buy-Back is completed, whichever is earlier.

Agenda Item no. 2.

In view of technological advancements, and taking into account that old technology is becoming obsolete, the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") has, vide S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, allowed listed companies to circulate the Annual Report (including the audited financial statements, auditor's report, Directors' report, Chairman's review report) to the members of the Company through QR enabled code and weblink. The SECP has also permitted that the circulation of annual financial statements through CD/DVD/USB may be discontinued.

In accordance with the aforesaid SRO, the same is subject to the approval of the members of the Company.

Considering the optimum use of advancements in technology and in order to fulfil the Company's corporate social responsibility to the environment and sustainability, the Company seeks to discontinue the circulation of the Annual Report through CDs in the future. Consequently, the Board of Directors of the Company has recommended that the ordinary resolution, as set out in the notice, be passed by the members for approving the circulation of the Annual Report (including annual audited financial statements and other reports contained therein) to the members of the Company through QR enabled code and weblink.

This arrangement will help all members wherever they are located to access the financial statements of the Company. Additionally, it will also reduce unnecessary expenditure for making CDs.

It is pertinent to mention that if any member seeks to obtain a hard copy of the Annual Report, such member will be provided a printed version of the same free of cost in accordance with the aforementioned SRO. No change to that right / privileged is being proposed.

None of the Directors of the Company have any personal interest in the aforesaid special business, except in their capacity as members and Directors of the Company.

نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ لکی سیمنٹ لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ مؤرخہ 24 مئی 2023 بوقت دوپہر 12 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر واقع احاطہ فیکٹری بمقام پیزو، ڈسٹرکٹ لکی مروت، خیبر پختونخواہ منعقد کیا جارہا ہے جس میں درج ذیل کاروائی عمل میں لائی جائے گی:

خصوصی کاروائی

1۔ مندرجہ ذیل قراردادوں کو، اگر مناسب سمجھا جائے تو ترامیم کے ساتھ یا بغیر ترامیم کے، اصلاحات، اضافوں یا کچھ حذف کئے جانے کے بعد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 88 بمعہ لسٹڈ کمپنیز (بائی بیک آف شیئرز) ریگولیشنز، 2019 کے تحت، کمپنی کی جانب سے 23,800,000 (تیئس ملین آٹھ لاکھ) تک جاری کردہ عام حصص، جن کی فیس ویلیو -/PKR 10 (دس روپے پاکستانی) ہے کو خریداری کی مدت کے دوران اسپاٹ/موجودہ قیمت پر بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج) خریداری/بائی بیک کے لیے، جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز کیا ہے زیر غور لانا:

قرار دیا جاتا ہے کہ، بذریعہ ہذا لکی سیمنٹ لمیٹڈ **(کمپنی)** کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 88 بمعہ لسٹڈ کمپنیز (بائی بیک آف شیئرز) ریگولیشنز، 2019 **(ریگولیشنز)** کے تحت منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے 23,800,000 (تیئس ملین آٹھ لاکھ) تک کی خریداری/بائی بیک کے لیے کمپنی کے جاری کردہ عام حصص، جن کی قیمت PKR-/10 (دس روپے پاکستانی) ہے جو کہ موجودہ جاری کردہ حصص کا 5.79% بنتا ہے کو بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج) خریداری کی مدت کے دوران اسپاٹ/موجودہ قیمت پر خریدا جائے، اور یہ خریداری اسٹیٹمنٹ میں مزکور اہم دفعات کمپنیز ایکٹ بابت سیکشن (3)134 کے تحت ہوگی جو کہ نوٹس **(بائی بیک)** ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے ان خصوصی قراردادوں کے تحت خریدے جانے والے عام حصص کی خریداری کو ریگولیشنز کے تحت منسوخ کیا جائے گا۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بائی بیک کا عمل سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ) کے تحت ہوگا، اور خریداری کی مدت 2 جون 2023 سے 20 نومبر 2023 کے درمیان یا اس وقت تک ہوگی جب تک کہ بائی بیک مکمل ہو جائے، ان میں سے جو مدت بھی پہلے پوری ہو۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بذریعہ ہذا چیف ایگزیکیٹو آفیسر کو یا ان کی جانب سے کسی اور کو مجاز بنائے جانے پر اس بات کا مجاز بنایا جاتا ہے کہ خریداری کی مدت کے دوران روزانہ کی بنیاد پر حصص کی تعداد کا تعین کرے جو کہ کمپنی کی جانب خریدے جانے ہوں (جیسا بھی مناسب ہو)۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی سیکرٹری **(مجاز شخص)** کو اس بات کا مجاز بنایا جاتا ہے کہ مزکورہ بالا قراردادوں کی روشنی میں ان پر عمل کرنے کی غرض سے حصص کو خریدنے (بائے بیک) کے سلسلے میں ضروری کاغذات، نوٹسز، درخواستوں یا دیگر ذیلی دستاویزات کو تیار کرنے انھیں وصول کرنے یا ایسا کوئی بھی اقدام اٹھانے جو کہ اس سلسلے میں ضروری سمجھا جائے۔ نیز اس بات کا مجاز بنایا جاتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے ایسے مجاز افراد کسی بھی قسم کے واقعاتی/لازمی اعمال، معاملات یا معاہدات کرنے کے مجاز ہونگے جو بنیادی امور سرانجام دینے کیلئے ضروری ہوں تا مزکورہ بالا قراردادوں پر من وعن عمل کیا جاسکے۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ مجاز شخص کو اس بات کی اجازت ہوگی یا اسے بذریعہ ہذا مزید مجاز وخودمختار بنایا جائے گا کہ ایسے اقدامات اٹھائے یا اٹھائے جانے کا باعث بنے جن کا تعلق ایسے تمام امور سے ہو، لیکن اسی تک محدود نا ہوں، جن کی بنیاد پر ریگولیٹرز یا تھرڈ پارٹی کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہو، ضرورت پڑنے پر تمام دستاویزات تیار کرے، قانونی مشیروں، مالیاتی مشیروں اور کنسلٹنٹس سے بائی بیک، سی ڈی سی یا سیکیورٹیز بروکر کے پاس اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ کھولنے، تمام مطلوبہ فارمز جمع کروانے، ٹیکس جمع کروانے اور دیگر مطلوبہ دستاویزات جمع کروانے جیسا بھی کسی ریگولیٹر یا ادارے کی ضرورت ہو کے سلسلے میں مشاورت کرے، ایسے تمام دستاویزات یا تمسکات بشمول ترامیم ومتبادل کے جو کہ بائی بیک کے نفاذ، حصول اور تکمیل کیلئے لازم ہو اور ان سے متعلق تمام ضروری کاروائی کو عمل میں لائے۔

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ مزکوہ بالا قراردادیں ترامیم، اصلاحات، اضافوں اور احذاف سے مبراء نا ہونگی جو کہ ریگولیٹرز کی جانب سے تجویز کردہ ہوں یا انکی جانب سے اس سلسلے میں کوئی ہدایت دی جائے۔ ایسی صورت میں مجاز شخص کی جانب سے اگر ایسی تجاویز یا ہدایات کو قرین قیاس یا ضروری سمجھا جائے تو انھیں بھی ان قراردادوں کا حصہ تصور کیا جائے گا، اور اس سلسلے میں ممبران کی جانب سے جدید قراردادوں کو پاس کروانے کی ضرورت نا ہوگی۔"

2۔ اگر ضروری سمجھا جائے، ترمیمات کے ساتھ یا ترمیمات کے بغیر، اضافوں یا اخذاف کے ساتھ درج ذیل قرارداد کو بطور عام قرارداد زیر غور لانا اور کمپنی کو اس قابل اور اس بات کا مجاز بنانا کہ سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کا جائزہ) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 بمعہ خواندگی ایس آر او 2023/(I)389 مجریہ 21 مارچ 2023 کے تحت بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ممبران کو ارسال کر سکے۔

"قرار دیا جاتا ہے کہ لکی سیمنٹ (کمپنی) بذریعہ ہذا مجاز ہے اور اسے مجاز بنایا جاتا ہے کہ کمپنی کی سالانہ رپورٹ، بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کا جائزہ کو ایس آر او 2023/(I) 389 مجریہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ممبران کو بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ارسال کرے اور یہ کہ سالانہ رپورٹ کو بذریعہ سی ڈی/یو ایس بی ارسال کیئے جانے کی موجودہ روایت کو ترک کیا جائے۔"

3۔ دیگر ایسی کوئی بھی کاروائی عمل میں لائی جائے جسے کہ چیئرمین کے سامنے منظوری کے ساتھ اجلاس میں شامل کرنے کیلئے پیش کیا جائے۔

اہم حقائق سے متعلق بیان زیر تحت سیکشن (3)134 بابت کمپنیز ایکٹ 2017 جسے غیر معمولی اجلاس عام میں خصوصی کاروائی کیلئے پیش کیا جانا ہے کو نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک کیا جا چکا ہے۔

بحکم بورڈ

فیصل محمود

کمپنی سیکرٹری

بمقام کراچی: 3 مئی 2023

نوٹس:

1۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش:

کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے بروز بدھ 17 مئی 2023 سے بروز بدھ 24 مئی 2023 تک بند رہیں گے (دونوں ایام مذکورہ بھی اس میں شامل ہیں)۔ ہمارے شیئر رجسٹرار/ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL)، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 کو دفتری ایام کار کے دوران بروز منگل 16 مئی 2023 تک موصول ہونے والی شیئرز کی منتقلی کی درخواستوں کو تسلیم کیا جائے گا اور وہ ممبران غیر معمولی سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے اہل ہونگے۔

2۔ غیر معمولی اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا بذریعہ ویڈیو لنک شرکت:

ایسے ممبران جن کے نام مؤرخہ 16 مئی 2023 کو ممبران کے رجسٹر میں مندرج ہوں اس غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے کے اہل ہونگے۔ ایسا کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا استحقاق رکھتا ہو اپنے جانب سے پراکسی مقرر کر سکتا ہے اور وہ پراکسی اجلاس میں شرکت کرنے، بات کرنے اور ووٹ ڈالنے کا حق دار ہوگا۔ نوٹس ہذا کے ساتھ پراکسی مقرر کرنے کی درخواست بھی منسلک کی جا رہی ہے۔ پراکسی انسٹرومنٹ کی مزید نقول درکار ہوں تو کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر سے دوران اوقات کار حاصل کی جا سکتی ہیں۔ نیز پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.lucky-cement.com سے ڈاؤن لوڈ بھی کیئے جا سکتے ہیں۔ پراکسی یا پاور آف اٹارنی کے انسٹرومنٹس یا جس دستاویز کے تحت بھی مجاز اتھارٹی حاصل کی گئی ہو باقاعدہ دستخط شدہ یا تصدیق شدہ اصل دستاویز یا نوٹری پبلک سے باقاعدہ تصدیق شدہ دستاویز بذریعہ ای میل کمپنی کے ایڈریس Company.secretary@lucky-cement.com پر یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے رجسٹرڈ شدہ پتے سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL) کو ارسال کر دیں، یہ دستاویزات غیر معمولی اجلاس عام شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل، علاوہ تعطیلات لازماً موصول ہو جانی چاہئیں۔ ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کمپنی شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL) سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ، کراچی کے پاس اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل لازماً جمع کروا دیں۔

الف۔ غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنے کے خواہشمند ممبران سے درخواست ہے کہ بذریعہ ای میل غیر معمولی اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل درج ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹر کروالیں: نام/ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/فولیو نمبر/سی ڈی سی/فون نمبر/ای میل ایڈریس/این ٹی این نمبر/آئی اے ایس نمبر/اکاؤنٹ نمبر۔ یہ کوائف Company.secretary@lucky-cement.com ایڈریس پر بھیجے جائیں۔

ب۔ مزکورہ بالا دستاویزات کی روشنی میں ضروری توثیق کے بعد ہی ممبران کو شرکت کیلئے رجسٹر کیا جائے گا اور تصدیق کے بعد اجلاس میں شرکت کیلئے بذریعہ ای میل ویڈیو لنک ارسال کر دیا جائے گا۔

ج۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں صرف ایسے ممبران کو ہی شرکت کی اجازت ہوگی جن کا نام اور کوائف کمپنی کو رجسٹریشن کیلئے پیش کئے جانے والے ناموں اور کوائف کے مطابق ہوں (جیسا کہ حصہ الف میں ذکر کیا جا چکا ہے)۔

3۔ ای-ووٹنگ

بذریعہ ای ووٹنگ ممبران اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں بشرطیکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 143-145 کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 یا کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی شرائط کو پورا کیا جائے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان بابت اہم حقائق

بیان ہذا میں اس خصوصی امور سے متعلق اہم حقائق کو بیان کیا گیا ہے جنھیں لکی سیمنٹ لمیٹڈ (کمپنی) کے غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 24 مئی 2023 میں کاروائی کیلئے پیش کیا جائے گا۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 1

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اپنے اجلاس منعقدہ 28 اپریل 2023 میں اس بات کی منظوری دے دی تھی اور بذریعہ خصوصی قرارداد کمپنی کے ممبران سے منظوری حاصل کرنے کیلئے انھیں یہ تجویز دینے کا فیصلہ کرلیا گیا تھا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 88 بمعہ خواندگی لسٹڈ کمپنیز (بائی بیک آف شیئرز) ریگولیشنز، 2019 کے تحت، کمپنی کی جانب سے 23,800,000 (تیئس ملین آٹھ لاکھ) تک کی خریداری/ بائی بیک کے لیے کمپنی کے جاری کردہ عام حصص، جن کی قیمت PKR 10/- (دس روپے پاکستانی) جو کہ جاری شدہ حصص کا 5.79% بنتا ہے کو بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج) خریداری کی مدت کے دوران اسپاٹ/ موجودہ قیمت پر واپس خریدا/ بائی بیک کیا جائے۔

ایکٹ اور ریگولیشنز کی رو سے، لازم ہے کہ بائی بیک کیلئے کمپنی کے ممبران سے بذریعہ خصوصی قرارداد منظوری حاصل کی جائے۔

ذیل میں ممبران کی جانب سے بائی بیک کے سلسلے میں منظوری حاصل کرنے کی غرض سے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ، متعلقہ اور اہم معلومات بیان کی جارہی ہیں:

بیان	تفصیلات/ خصوصیات
خریدے (بائی بیک) کئے جانے والے حصص کی زیادہ سے زیادہ اندازاً تعداد	کمپنی کی جانب سے جاری شدہ 23,800,000 (تیئس ملین آٹھ لاکھ) عام حصص، جو کہ کمپنی کے موجودہ جاری اور ادا شدہ کیپٹل کا تقریباً 7.59% بنتا ہے۔
بائی بیک کا مقصد	حصص کی تنسیخ
خریداری کا طریقہ کار	بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ)۔
خریداری کی قیمت (فی حصص)	موقع پر/ حالیہ قیمت، وہ قیمت جو کہ ریگولیشن (2)8 بابت ریگولیشنز اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (8)88 کے مطابق رائج الوقت ہے۔
دورانیہ برائے خریداری	2 جون 2023 تا 20 نومبر 2023 (بشمول ایام مزکورہ) یا ایسی تاریخ جب تک کہ بائی بیک مکمل ہو جائے، ان میں سے جو بھی عرصہ پہلے مکمل ہو۔
مختص شدہ فنڈز	جیسا کہ بائی بیک موقع پر/ رائج الوقت قیمت پر ہوگا، کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ بائی بیک کیلئے مطلوبہ فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ عملاً کمپنی کی جانب سے حصص کی خریداری میں کئی عوامل کا عمل دخل ہوگا جس میں مارکیٹ کے حالات بھی شامل ہیں۔
فنڈز کے ذرائع	ایکٹ کے سیکشن (8)88 کے تحت بائی بیک کیلئے کمپنی کے قابل تقسیم منافع سے فنڈز فراہم کئے جائیں گے۔
بائی بیک کا جواز اور اس کے کمپنی کی مالیاتی حیثیت پر اثرات	مجوزہ بائی بیک کی وجہ سے مستقبل میں کمپنی کی مالیاتی حیثیت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے، جس میں کمپنی کے حصص کی منقسم قدر کے علاوہ آمدن فی حصص بھی شامل ہے۔ اس طرح ان ممبران کو بھی ایک موقع مل جائے گا جو مکمل یا جزوی طور پر اپنے حصص کو نقد رقوم سے بدلنے کے خواہشمند ہیں اور وہ گزشتہ بائے بیک میں ایسا کرنے سے قاصر رہ گئے تھے۔

لہذا کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے یہ تجویز دی گئی ہے کہ جیسا کہ نوٹس میں بیان کیا جا چکا ہے، ایک غیر معمولی اجلاس عام میں ترامیم کے ساتھ یا ترامیم کے بغیر، اضافوں کے ساتھ یا اضافوں کے بغیر اور احذاف کے ساتھ یا احذاف کے بغیر اس سلسلے میں خصوصی قراردادوں کو پاس کروایا جائے۔

مزید برآں، ریگولشنز کی ریگولیشن (d)(1)3 کی رو سے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس بات کی ذمہ داری لی ہے کہ مطلوبہ / مختص فنڈز برائے بائی بیک (یعنی کہ خریداری کے عرصے کے دوران کمپنی کے حصص خریدے جانے کی حدتک) کمپنی کے پاس موجود ہیں / ہونگے اور یہ کہ خریداری کے بعد اس دورانیئے اور اس کے فوری بعد بارہ (12) ماہ تک کمپنی بروقت اپنے واجبات کی ادائیگی کے قابل رہے گی۔ ریگولیشن e(1)3 کے مطابق اس بات کی توثیق کی جاتی ہے کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کاؤنٹر پر کمپنی نادہندہ نہیں ہے اور یہ کہ کسی بھی دیگر قرض دستاویزات کے تحت بھی کمپنی نادہندہ نہیں ہے۔

بائی بیک کے اس عمل میں ڈائریکٹروں کے کوئی ذاتی مفادات نہیں ہیں ماسوائے کمپنی میں انکے حصص کی ملکیت کی حدتک۔

بائی بیک کا طریقہ کار

ایکٹ کے سیکشن 88، بمعہ خواندگی برائے ریگولیشنز، کے تحت بائی بیک کیلئے درج ذیل طریقہ کار اپنایا جائے گا۔

1۔ کمپنی کی جانب سے خصوصی قراردادوں کے پاس کئے جانے کے بعد کام کے دو دن کے اندر اندر بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ) خریداری کیلئے عوامی سطح پر نوٹس دیا جائے گا۔ عوامی نوٹس اپنی تاریخ پر دو (2) روزنامہ اخبارات میں دیا جائے گا۔

2۔ اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ بائی بیک کا دورانیہ شروع ہونے کے بعد ایسے ممبران بھی اس کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں جن کے نام مزکورہ تاریخوں پر کمپنی کے رجسٹر میں درج نا ہوں لیکن وہ قانونی طور پر کمپنی کے حصص کے مالک ہوں۔

3۔ کمپنی کے ایسے ممبران جو کہ اپنے حصص یا ان کا کچھ حصہ فروخت کرنے کے خواہشمند ہیں، عام طریقے سے بھی بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج (یعنی پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ) فروخت کرسکتے ہیں جس کیلئے انھیں اپنے سیکیورٹیز بروکر کے ذریعے ایک عام سیل آرڈر دینا ہوگا اور اس طرح وہ حصص کمپنی کی جانب سے خرید لئے جائیں گے (اگر کمپنی کی جانب سے مناسب سمجھا جائے)۔

4۔ خریداری / بائی بیک کی کاروائی سیکیورٹیز ایکسچینج آٹومیٹڈ ٹریڈنگ سسٹم کے ذریعے عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ کمپنی بذریعہ سیکیورٹیز ایکسچینج خریداری کے دورانیئے یعنی 2 جون 2023 تا 20 نومبر 2023 (بشمول ایام مزکورہ) یا اس وقت تک جب تک کہ بائی بیک کی کاروائی مکمل ہو جائے، یا جو بھی عرصہ پہلے مکمل ہو تک حصص خریدنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 2

ٹیکنالوجی کی ترقی و رفتار کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اس بات کی رعایت کرتے ہوئے کہ پرانی ٹیکنالوجی فرسودہ ہوچکی ہے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بذریعہ ایس آر او 2023(I)389 مجریہ 21 مارچ 2023 اس بات کی اجازت دے دی گئی ہے کہ لسٹڈ کمپنیاں اپنی سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین جائزہ رپورٹ) اپنے ممبران کو بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ارسال کرسکتی ہیں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے اس بات کی اجازت بھی دے دی گئی ہے CD/DVD/USB کے ذریعے سالانہ رپورٹ ارسال کرنے کی پرانی روایت کو ترک کردیا جائے۔

مزکورہ بالا ایس آر او کی روشنی میں، یہ بات بھی ممبران کی جانب سے منظوری کے ساتھ مشروط ہے۔

ٹیکنالوجی کی جدت، کمپنی کی کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری اور ماحولیات کی بقاء کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی مستقبل میں CDs کے ذریعے سالانہ رپورٹ ارسال کرنے کی روایت کو ترک کرنے کی خواہاں ہے۔ لہذا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ایک معمولی قرارداد کے ذریعے، جیسا کہ نوٹس میں بھی مزکور ہے، ممبران کے سامنے یہ بات منظوری کیلئے پیش کرنے کی سفارش کی جاتی ہے کہ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات اور ان سے متعلق دیگر رپورٹس) مستقبل میں ممبران کو بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ہی ارسال کی جائیں۔

اس بندوبست کا فائدہ ممبران کو اس صورت میں بھی ہوگا کہ وہ جہاں کہیں بھی ہوں انھیں کمپنی مالیاتی دستاویزات تک رسائی حاصل ہوگی۔ نیز اس اقدام سے کمپنی پر CDs تیار کرنے کا اضافی مالی بوجھ بھی کم ہو جائے گا۔

یہاں اس بات کا ذکر بھی لازم ہے کہ اگر کسی ممبر کو کاغذی صورت میں رپورٹس کی ہارڈ کاپی درکار ہو تو مزکورہ بالا ایس آر او کی رو سے اسے بلامعاوضہ ہارڈ کاپی بھی درخواست کرنے پر فراہم کی جاسکتی ہے۔ اس استحقاق میں کوئی تبدیلی نہیں کی جارہی۔

مزکورہ بالا خصوصی امور میں کسی بھی ڈائریکٹر کا کوئی ذاتی مفاد شامل نہیں ہے، ماسوائے ان کے ممبر اور کمپنی ڈائریکٹر ہونے کی حیثیت سے۔

LUCKY CEMENT

FORM OF PROXY

I/We ______________________________ of (full address)

____

being member of **LUCKY CEMENT LIMITED** holding __________ ordinary shares as per Share Register Folio No. ________ and/or CDC Participant I.D. No. ____________ and Sub-Account No. __________ hereby appoint ______________________________ of (full address) ______________________________ or failing him/her ______________________________ of (full address) ______________________________ who is also a member of **Lucky Cement Limited**, as my/our proxy in my/our absence to attend and vote for me/us and on my/our behalf at an extraordinary general meeting of the company to be held on Wednesday May 24, 2023 at 12:00 noon and / or any adjournment thereof.

Signature this ________________ (day) ____________________ (date, month) year 2023.

Witnesses:

1. Signature: ________________
   Name ________________
   Address ________________
   CNIC No. ________________

2. Signature: ________________
   Name ________________
   Address ________________
   CNIC No. ________________

Signature on
Five Rupees
Revenue Stamp

Signature of members should match with the specimen signature registered with the company

Notes : -

1. The proxy must be a member of the Company.

2. The signature must tally with the specimen signature/s registered with the Company.

3. If a proxy is granted by a member who has deposited his/her shares in Central Depository Company of Pakistan Limited, the proxy must be accompanied with participant's ID number and CDC account/sub-account number along with attested photocopies of Computerized National identity Card (CNIC) or the Passport of the beneficial owner. Representatives of corporate members should bring the usual documents required for such purpose.

4. The instrument of Proxy properly completed should be deposited at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of the meeting, excluding holidays.

مختارنامہ (پراکسی فارم)

میں/ہم مسمی/مسماۃ ____________________

ساکن ____________ ضلع ____________

بحثیت رکن (ممبر) لکی سیمنٹ لمیٹڈ مقرر کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں مسمی/مسماۃ ____________

ساکن ____________________

کو جو خود بھی لکی سیمنٹ لمیٹڈ کا رکن ہے کہ وہ بطور میرا/ہمارا مختار (پراکسی) لکی سیمنٹ لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں جو بروز بدھ 24 مئی 2023 کو بوقت صبح **12:00** بجے منعقد ہو رہا ہے یا اس کے کسی ملتوی شدہ اجلاس میں شرکت کرے اور میری/ہماری جگہ میری/ہماری طرف سے حق رائے دہی استعمال کرے۔

مؤرخہ ____________ 2023 کے میرے/ہمارے دستخط سے جاری ہوا۔

فولیو نمبر	سی ڈی سی کھاتہ نمبر	حصص کی تعداد

دستخط

دستخط کمپنی میں درج نمونہ کے دستخط کے مطابق ہونے چاہئے۔

گواہ نمبر 1

دستخط ____________

نام ____________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ____________

پتہ ____________

گواہ نمبر 2

دستخط ____________

نام ____________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ____________

پتہ ____________

ہدایات:

۱۔ مختار (پراکسی) کا کمپنی کا رکن (ممبر) ہونا ضروری ہے۔

۲۔ ممبر (رکن) کے دستخط، نمونہ شدہ دستخط/اندارج شدہ دستخط سے مماثلت ہونا ضروری ہے۔

۳۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو مختارنامہ (پراکسی فارم) کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا ضروری ہے۔ کارپوریٹ ادارے کے نمائندوں کو معمول کے مطابق دستاویزات ساتھ لانا ضروری ہے۔

۴۔ مختارنامہ (پراکسی فارم) مکمل پُر شدہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے چھٹیوں کے علاوہ۔